کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۶ { مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۷ ربیع الآخر ۱۳۵۹ھ مطابق ۲۵ مئی ۱۹۴۰ء } جلد ۵۲

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری اشاعت اردو ترجمہ قانون آرمی ایکٹ بہ ہفتہ آخر ماہ مئی سنہ ۱۹۴۰ء	۲
۲	عطائے اختیارات درجہ دوئم (مجسٹریٹ) حسب عرضداشت عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مع آرڈران کونسل نسبت تقرر بابو انند کمار جین (ایڈوکیٹ) بعہدہ "مجسٹریٹ"	۳
۳	روبکار بہ ہدایت کرائے جانے دعا فتح وکامیابی حشمت مآب ہز امپیریل مجسٹی ملک معظم قیصر ہند	۳ و ۴

مطبع عالی اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانِ حضورِ پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم

واقع ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۴۰ء

بموجب رپورٹ۔ آخر ہفتہ مئی سنہ ۱۹۴۰ء میں اشاعت کی اجازت دیجاتی ہے۔ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — جناب عالی — میرساند

اردو ترجمہ قانون آرمی ایکٹ ۲۷ مارچ سنہ ۱۹۴۰ء کو اسٹیٹ پریس میں بغرض اشاعت موصول ہوا ہے اسکی ضخامت زیادہ ہے بجٹ سنہ ۴۱-۱۹۴۰ء بھی عنقریب آنے والا ہے۔ اس لئے ہفتہ دو ہفتہ میں قانون مذکور کی اشاعت دشوار ہے اور ہفتہ آخر مئی سنہ ۱۹۴۰ء کو گزٹ میں اجازت اشاعت قانون مذکور درکار ہے۔ رپورٹ ذریعہ عرضداشت بحضور انور پیش ہے۔ توقیع مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے اجازت اشاعت ترجمہ قانون آرمی ایکٹ بہ ہفتہ آخر ماہ مئی سنہ ۱۹۴۰ء شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

آفتاب دولت واقبال تابان باد

ترقی خواہ دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

معروضہ ۵ اپریل سنہ ۱۹۴۰ء

نوٹ:- اردو ترجمہ قانون آرمی ایکٹ کی کاپی گزٹ کے آخر میں شامل ہے۔

انجنیر صاحب گیراج کی خدمت میں مرسل ہو۔ حسب منشائے حکم ہمایوں کارروائی فرمائیجائے۔

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۴۰ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم

(سوری) — واقع ۱۷ مئی سنہ ۱۹۴۰ء

بموجب رپورٹ۔ عطائے اختیارات درجہ دوم (مجسٹریٹ) کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — می رساند

جناب عالی

بجٹ سال رواں میں ایک مجسٹریٹ کی جدید اسامی منظور ہوئی ہے۔ جس کے لئے عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر وچیف مجسٹریٹ نے سات امیدواران میں سے بلحاظ عمر۔ قابلیت و اہلیت بابو نند کمار جین ایڈوکیٹ رامپور ہائی کورٹ کو عہدۂ مجسٹریٹی کے لئے موزوں تر پاکر فی الحال امتحاناً بمدت ایک سال ابتدائی تنخواہ گریڈ مجسٹریٹ پر تقرر کی سفارش کی ہے۔ نیز عطائے اختیارات درجہ دوم مجسٹریٹ کی

تحریک کی ہے۔ چنانچہ اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۳ ؍ مئی سنہ ۱۹۳۰ء میں بابو آنند کمار جین ایڈوکیٹ رامپور ہائی کورٹ کو امتحاناً برائے ایک سال بر ابتدائی تنخواہ گریڈ بطور مجسٹریٹ تقرر کے لئے منتخب کیا ہے اور تجویز کی ہے کہ بابت عطائے اختیارات درجہ دویم (مجسٹریٹ) حضور معلیٰ میں عرض کیا جائے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری عطائے اختیارات معروضہ بالا شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مرقومہ ۱۶ ؍ مئی سنہ ۱۹۳۰ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل حکم ہمایوں۔ عرضداشت اور آرڈران کونسل کی درج گزٹ کیجائے۔ ۱۹ ؍ مئی سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط فار عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈران اسٹیٹ کونسل

واقع ۲۰ ؍ مئی سنہ ۱۹۳۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۳ ؍ مئی سنہ ۱۹۳۰ء میں عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر و چیف مجسٹریٹ کی تجویز بدین خلاصہ پیش ہوئی کہ بجٹ سال رواں میں ایک مجسٹریٹ کی جدید آسامی منظور ہو چکی ہے۔ جس کے لئے نسبتاً امیدوار پیش ہوئے تھے۔ ان سب میں بلحاظ عمر۔ قابلیت و اہلیت بابو آنند کمار جین ایڈوکیٹ ہائی کورٹ رامپور موزوں تر پائے گئے۔ وہ ایک کامیاب وکیل فوجداری ہونے کے علاوہ اپنے ہمعصر وکلاء میں موقر اور با اثر ہیں اور بار ایسوسی ایشن کے صدر بھی ہیں۔ لہذا مناسب ہوگا کہ فی الحال امتحاناً ایک سال کے لئے ابتدائی تنخواہ گریڈ پر ان کا تقرر فرمایا جائے اور عطائے اختیارات درجہ دویم (مجسٹریٹ) کی بابت بھی کارروائی منظوری فرمائی جائے۔

طے پایا کہ

(۱) حسب تجویز، بابو آنند کمار جین ایڈوکیٹ رامپور ہائی کورٹ کا تقرر امتحاناً برائے یکسال بر ابتدائی تنخواہ گریڈ مجسٹریٹ منظور ہے۔

(۲) بابت عطائے اختیارات درجہ دویم (مجسٹریٹ) حضور معلیٰ میں عرض کیا جائے

حکم ہوا کہ

اول بابت ۲ عرضداشت اجلاس ہمایوں میں پیش کی جائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

روبکار

واقع ۲۰ ؍ مئی سنہ ۱۹۳۰ء

(رامپور کیمپ مسوری)

۱۔ چونکہ ہر امپیریل مجسٹی ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کا جشن سالگرہ بتاریخ ۲۶ ؍ مئی سنہ ۱۹۳۰ء یوم یکشنبہ اتحادیوں کے لئے بارگاہ ذوالجلال میں فتح و کامیابی کی دعا کی جاسکے۔ کہ

"خدائے تعالیٰ اتحادیوں کو ان مقاصد میں فائز المرام فرمائے جن کے لئے وہ مصروفِ جنگ ہیں" لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ تمام مساجد او رمنادر میں تاریخ مذکور اتحادیوں کی فتح و کامیابی کے لئے بخلوص دل دعائیں مانگی جائیں

(۳) عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس اور لفٹننٹ کرنل عزیز حسن خاں بہادر کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے اپنے صیغہ جات متعلقہ پولیس و فوج میں دعا کے لئے مناسب انتظام کریں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی ایک نقل عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس اس غرض سے ارسال کیجائے کہ وہ بتوسط صاحب سکریٹری بہادر کونسل روبکار کے حصہ ۱ کی نقل بذریعہ اے۔ پی۔ آئی۔ اخبارات میں شائع کرا دیں۔ اصل روبکار دارالانشاء میں رہے ایک ایک نقل جملہ عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر عالی مرتبت جج صاحبان بہادر ہائی کورٹ اور سکریٹری صاحبان بہادر کے پاس بھیجی جائے ایک نقل اجلاس ہجایوں میں برائے فائل ارسال کیجائے ایک نقل انگریزی و اردو کی برائے اندراج گزٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پریس کے پاس بھیجی جائے

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

Dated Rampur Camp,
Mussoorie,
The 20th May 1940.

ROBKAR

1. In accordance with the desire expressed by His Imperial Majesty the King Emperor that Sunday, May 26th should be observed as a day of National Prayer on behalf of the Allies and the Cause for which they are fighting, We hereby direct that arrangements for such Prayers shall be made in all Mosques and Temples in Our State.

2. We further direct that the Hon'ble I. G. Police and Lieut-Colonel Aziz Hasan Khan Bahadur shall respectively make arrangements for such Prayers in respect of Our Police and Military Forces.

Sd/ H. H.
Nawab of Rampur.

Advance copy forwarded to the Hon'ble Chief Minister who will please arrange for publication in the A. P. I. of Para 1 above, through the Secretary State Council.

Original to be kept in Dar-Ul-Insha,

Copies to:- All the Hon'ble Ministers,
Hon'ble Judges of High Court,
Secretaries,
Ijlas-i-Humayun for record,
Supdt. State Press, for Publication in the State Gazette, in English & Urdu.

True Copy.
Sd/-
Deputy Secretary,
Dar-Ul-Insha,
Rampur.